رباعی

محنت ہوئی مجھکو مدتوں تک کیا کیا دیکھے دیوان اساتذہ کے صدہا
کس کس مشکل سے کی یہ تالیف صفیر نقشے بزمانہ یادگار است از ما
۶۹ ۶۱۸

خلاصۂ فیضِ صفیر

یا

رسالۂ تذکیر و تانیث

جسکو افضل الشعرا حضرت سید فرزند احمد صفیر بلگرامی مرحوم شاگرد
لکھنوی نے دواوین اور مراثی اور واسوخت اور مثنوی اور اشعار
استادان (یعنی صرف دہلی و لکھنؤ) سے بڑی محنت اور سیر سے انتخاب کیا

مرتبہ

سید عنایت احمد بلگرامی بی اے سب ڈپٹی مجسٹریٹ آرہ

جولائی سنہ ۱۹۱۴ء۔ رمضان سنہ ۱۳۳۲ھ

رفاہ عام سٹیم پریس لاہور میں مولوی عبدالحق مالک و منیجر کے اہتمام سے چھپا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

اُردو زبان پر اگر زوال آیا نہیں ہے تو زوال کی صورتیں ضرور دکھائی دے رہی ہیں۔ مقام افسوس ہے کہ آج بہت کم ایسے ہیں جو اپنی مادری زبان (اُردو) میں صحیح گفتگو کر لیتے ہوں۔ ذاتی تجربہ ہے کہ ہیں تو ایم اے اور بی اے۔ لیکن ایک مصرع موزون نہیں پڑھ سکتے۔ جو باپ کہ اردو کے لئے سند ہے اس کا بیٹا اُسے خط لکھتا ہے "پیارا پاپا آپ کا کھریت آیا۔ ہمارا کھریت جاتا ہے" سب سے زیادہ غلطیاں تذکیر و تانیث میں ہوا کرتی ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ کوئی ایسی ہلکی کتاب قواعد موجود نہیں ہے جسے اسکول اور کالج کے طلبا استعمال کر سکیں اور جب تحصیل علم سے فارغ ہوئے تو اتنی فرصت کہاں کہ ضخیم کتابوں کو دیکھ کر تذکیر و تانیث درست کر لیں۔ سچ تو یوں ہے کہ اگر لڑکپن میں درستی زبان ہو گئی تو ہو گئی ورنہ تمام عمر غلطیاں رہ جاتی ہیں۔ انہیں دقتوں کو محسوس کر کے جنت آرامگاہ جدی سید فرزند احمد صفیر بلگرامی

نے ایک رسالہ تذکیر و تانیث کے بیان میں بنام فیض صفیر تصنیف فرمایا تھا کہ جس میں قواعد کے علاوہ قریب تین ہزار کے الفاظ سماعی مع اسناد شعرائے دہلی و لکھنؤ موجود ہیں۔ چونکہ ضخامت فیض صفیر کی بہت ہے اس لئے طالب علموں کے استعمال کے لئے جدّ مرحوم نے اس رسالہ کا ایک خلاصہ کر ڈالا تھا جس میں بہت ہلکے ہلکے قواعد لکھے کہ لڑکوں کی سمجھ میں بہ آسانی آسکیں۔ اور تین ہزار سماعی الفاظ بھی بغیر سند کے بترتیب حروف تہجی رہنے دے (اگر سند کی ضرورت ہو تو فیض صفیر دیکھ لی جائے) ہر لفظوں کے معنی بھی لکھ دے کہ لغت کا بھی کام نکل آئے جس لفظ پر تم کو شک گزرے کتاب کھول کر دیکھ لو آدھا یا ایک منٹ صرف ہوگا۔ جن لفظوں میں عوام زیادہ غلطی کرتے ہیں اُن کا ایک نقشہ دیدیا گیا ہے کہ دیوار میں چپکا کر اپنی غلطیوں کو ہر وقت نظر کے سامنے بھی رکھ سکیں۔ غرض دھوکا کھانے کے سب رستے بند کر دئے گئے ہیں کیونکہ قیاسی الفاظ کے لئے شروع میں قواعد مرتب کر دئے گئے ہیں اور سماعی کے لئے سند موجود ہے۔ طالبعلموں سے یہ کتاب زیادہ محنت نہیں چاہتی۔ ہاں اگر ہمیشہ اس کو استعمال میں رکھیں تو وہ پورا فائدہ اٹھا لینگے۔

فخر ہندوستان عالی جناب سید علی محمد شاد صاحب دام اقبالہ اس رسالہ کے بارہ میں فرماتے ہیں کہ "میں نے کتاب خلاصۂ فیض صفیر کو دیکھا یہ تالیفات سے افضل الشعرا حضرت سید فرزند احمد صفیر مرحوم بلگرامی

کی ہے جنہوں نے اپنی زندگی اس فن کے لئے وقف کردی تھی۔ اور اس کی تحقیقات میں تاعمر کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھا۔ میرے نزدیک یہ کتاب کالجوں اور اسکولوں کے لئے نہایت ہی مفید اور نہ فقط طلاب کے لئے بلکہ خود ایسے لوگوں کے لئے جو زبان کی تہذیب اور شائستگی کے خواہاں ہیں نفع رساں ہیں۔ اللہ تعالےٰ اس کتاب کو مقبول خاص عام کرے اور مصنف و مولف علیہ الرحمۃ کے مراتب عالی کرے۔

کتبہٗ فقیر سید علی محمد شاد۔ سابق ممبر ٹیکسٹ بک کمیٹی۔ بہار۔ پٹنہ

۲۳ دسمبر ۱۹۱۳ء

چونکہ انگریزی الفاظ بھی اس وقت اردو زبان کا ایک حصہ ہو گئے ہیں اس لئے بندہ ناچیز سید عنایت احمد بلگرامی نے ایک ضمیمہ آخر میں ان کا بھی دیدیا ہے تاکہ انگریزی الفاظ کے غلط استعمال سے بھی طالبعلم بچ جائیں۔ فقط


خاکسار

سید عنایت احمد بلگرامی بی۔ اے
سب ڈپٹی کلکٹر

پھاٹک میر صاحب۔ آرہ
۶ جولای ۱۹۱۴ء۔ ۱۳ شعبان ۱۳۳۲ھ


نقشہ نمبر ۱

یہ الفاظ سب مونث ہیں ان کو عوام مذکر بولتے ہیں



نقشہ نمبر ۲

یہ الفاظ مذکر ہیں ان کو عوام مونث بولتے ہیں



مقدمہ

پہلا بیان مصطلحات ضروری میں

فائدہ (۱) نحویوں کے نزدیک کلمہ یعنی لفظ کی تین قسمیں ہیں :- اول **اسم** جیسے دشت۔ دریا۔ سبزہ۔ ساقی۔ شیشہ۔ ساغر۔ چاندنی+ دوم **فعل** آیا۔ آتا ہے۔ آئیگا۔ سوم **حرف** جیسے عربی میں من۔ عن۔ الیٰ۔ حتیٰ۔ اور فارسی میں۔ از۔ بر۔ در۔ را+ اور ہندی میں آٹھ یا نو حرف ہیں+ کو۔ نے۔ ہیں۔ کا۔ کی۔ سے۔ پر۔ کے۔ تک+ اور ان کو حروف روابط اور حروف معنوی بھی کہتے ہیں+ اور سبب یہ ہے کہ حرف کی تعریف یہ ہے کہ معانی اس کے کہنے میں نہ آئیں۔ مگر کلام اس کے سبب سے بامعنی ہوجائیں پس ربط ہونے کے سبب سے تو رابط کہا اور معنی کے سبب سے معنوی کہا۔ جب یہ معلوم ہوا کہ کلمہ کی تین ہی قسمیں ہیں اور کوئی کلام ان تین قسموں سے باہر نہیں پس تانیث و تذکیر فقط اسم میں ٹھیری اور فعل تابع اسم ہے جیسا اسم ہوگا اُسی طرح کا فعل بھی ہوگا یعنی اگر اسم مذکر ہے تو فعل بھی مذکر ہوگا اور اگر مؤنث ہے تو فعل مونث ہوگا۔ اور حرف تانیث تذکیر کی پہچان کے واسطے ہے یعنی حالت اضافت میں کا مذکر

کی پہچان کے واسطے اور کی مونث کے لئے اور باقی حروف فاعل مفعول وغیرہ کی شناخت کے لئے ہیں۔ اس کا بیان قواعد اُردو سے معلوم ہوا ہوگا یہاں حاجت نہیں +

فائدہ (۲) یای معروف بولنے میں دبی ہوئی ہوتی ہے جیسے کلیم۔ سلیم۔ جانی۔ علی وغیرہ کی یا ہے + اور یای مجہول کھلی ہوئی جیسے بیدل۔ ہیزم کی یای + اور دونوں یاؤں کا ماقبل مکسور ہوتا ہے یعنی زیر دیا ہوا +

دوسرا بیان اسموں کی تانیث تذکیر میں

باعتبار جنس کے اسم کی دو قسمیں ہیں۔ مذکر اور مونث + پھر جس مذکر جاندار کے مقابل ایک مادہ جاندار ہو اسکو مذکر حقیقی کہتے ہیں اور اس کے مؤنث کو مونث حقیقی جیسا مرد۔ عورت۔ شیر۔ شیرنی۔ بکرا۔ بکری + اور مذکر اور مونث بے جان کو غیر حقیقی کہتے ہیں + مذکر اور مونث غیر حقیقی کی شناخت بہت دشوار ہے۔ اس کے لئے کوئی قاعدہ کلیہ نہیں ہے اور وجہ قاعدہ کلیہ کے نہ ہونے کی یہ ہے کہ ایک ہی چیز کو کسی شہر کے آدمی مذکر بولتے ہیں اور کسی شہر کے آدمی اُسی چیز کو مونث مثلاً دہی بعض بولتے ہیں دہی اچھی ہے اور بعض کہتے ہیں کہ دہی اچھا ہے + خدا نے چاہا تو اس رسالہ کے دیکھنے سے سب معلوم ہو جائیگا۔ کیونکہ بہت سے الفاظ مختلف فیہ نکالے گئے ہیں اور سماعی کی

بھی تحقیق خوب ہوئی ہے + اب سنو مذکر اور مؤنث غیر حقیقی کی دو قسمیں
ہیں :- (۱) سماعی اور (۲) قیاسی + سماعی اُسکو کہتے ہیں جس کے لئے
کوئی قاعدہ مقرر نہ ہو بلکہ مذکر اور مونث کے بولنے میں اہل زبان کا
تتبع اور پیروی کی جائے جس لفظ کو اہل زبان سے مذکر سنا ہو اُسے
مذکر بولتے ہیں - جیسے لشکر - تخت - قالین - قلمدان - چاند - سورج - آسمان
وغیرہ - اور جس لفظ کو اُن سے مونث سُنا ہو اُس کو مونث بولتے ہیں :-
جیسے - موج - بھیڑ - سرکار - جاجم - زمین - تلوار وغیرہ +

فائدہ اور بعض الفاظ مختلف فیہ ہوتے ہیں یعنی اُن کی تانیث و
تذکیر میں اختلاف ہوتا ہے - کوئی مذکر باندھتا ہے کوئی مونث - جیسے
سیر - خلش - فکر + اور بعض الفاظ مشترک ہیں کہ اہل زبان اُسی ایک
لفظ کو کبھی مذکر بولتے ہیں کبھی مونث - جیسے بلبل - حمد - پیکان وغیرہ - اور
اہل زبان سے مراد خاص دہلی اور لکھنؤ کے رہنے والوں سے ہے -
چونکہ اُن دونوں جگہ کے فصحا میں کچھ اختلاف بھی ہے اس لئے مولف
نے تمام دیوان اُن کے دیکھ کر خوب تحقیق کیا - اور جس قدر الفاظ مختلف
اور مشترک ملے اُن کو ایک جا کیا اور باقی الفاظ جس کو دہلی اور لکھنؤ
والے برابر ایک ہی طرح سے بولتے ہیں جدول مونث سماعی میں داخل
کیا جس کو شک ہو اُس کی مثالیں فصل صفحہ میں دیکھ لے اور اگر اسپر
بھی شک رہے تو جس شاعر کا نام لکھا ہے اُس کے کلام میں دیکھ لے +

مذکر اور مونث قیاسی وہ ہے جس کے لئے کوئی قاعدہ مقرر ہو +

پہلا باب - اسباب وغیرہ کے بیان میں

توضیح پہلی اسباب مونث مذکر میں

فائدہ (۱) کبر و صغر یعنی چھوٹا بڑا ہونا چیز کا تانیث اور تذکیر کا سبب ہے جیسے - پیالا بڑا ہے اور پیالی چھوٹی ہے - اسی طرح کُرتا کُرتی - بالا - بالی -

فائدہ (۲) عزت اور حقارت بھی تانیث اور تذکیر کا سبب ہے جیسے سونے کے ورق کو پتا اور رانگے کے ورق کو پنی کہتے ہیں - حالانکہ دونوں قسم کے ورق قد و قامت میں چھوٹے بڑے نہیں مگر سونا صاحب عزت ہے اور رانگا حقیر ہے -

فائدہ (۳) بلندی اور پستی میں بھی تذکیر اور تانیث کا اثر ہوتا ہے - جیسے زمین پست آسمان بلند ہے - اسی طرح عرش - کرسی - لوح - قلم - گہنٹ - نیہائی وغیرہ *

فائدہ (۴) اصلیت اور فرعیت بھی ایسے ہی ہے جیسے درخت شاخ - پیڑ - ڈال -

فائدہ (۵) علمیت یعنی خاص نام ہونا بھی تانیث و تذکیر میں دخل رکھتا ہے - جیسے دوپہر کہ مذکر ہو سکتا تھا کہ پہر مذکر ہے مگر نام نصف النہار

کا ہو کر مونث ہو گیا۔ جیسے اسیر لکھنوی سے سزا وار پیری میں غفلت نہیں ۔ زوال آگیا دوپہر ہو گئی۔

فائدہ (۶) مشاکلت یعنی ہمشکل ہونا اور التباس یعنی مل جانا بھی تانیث تذکیر میں دخل رکھتا ہے جیسے کشمش ہے کہ بالتباس حاصل مصدر فارسی کے مونث ہو گئی جیسے سازش۔ خواہش یا جیسے لفظ آئین۔ قالین۔ تجربہ ہے کہ وزن عروضی کے رو سے وزن صرفی کا التباس پا کر ہموزن تفعیل ہو گیا اور مستثنیات مونث میں داخل ہو گیا۔

فائدہ (۷) جوار بھی علت تانیث و تذکیر ہے جیسے مثنوی اور قصیدہ لکھا یا قصیدہ اور مثنوی لکھی۔ نظیر اوّل میں قصیدہ جو مذکر ہے قریب ہے فعل سے اور نظیر ثانی میں مثنوی جو مونث ہے قریب فعل ہے۔

فائدہ (۸) تقلیل بھی علت تانیث ہے جیسے بولتے ہیں کہ ذری سا پانی پیا۔ اب دیکھو کہ پانی مذکر ہے اور فعل بھی مذکر ہے لیکن ذری میں بہ سبب تقلیل کے یائے معروف لائے۔

توضیح دوسری۔ مذکر اور مونث کی پہچان میں

قاعدہ پہلا۔ جن اسموں کے آخر (ا) یا (ہ) ہو خواہ وہ اسم ہندی ہوں یا فارسی یا عربی مگر ان کے آخر علامت اسم تفضیل نہ ہو

عربی جیسے عظمی۔ کبری یا (ہ) علامت تانیث اسم عربی نہ ہو جیسے ملکہ ممدوحہ۔ والدہ مخدومہ وہ سب اسم اکثر مذکر ہوں گے جیسے دریا۔ صحرا۔ پردہ۔ گھوڑا۔ لڑکا۔ بندہ۔ غلبہ۔ مباحثہ۔ محکمہ وغیرہ۔ مگر چند اسم مونث اس قاعدہ سے مستثنٰے ہیں اور وہ تیسرے باب میں بیان ہوئے ہیں۔

قاعدہ دوسرا۔ سوائے اسم پیشہ والوں کے جن اسموں کے آخر یائے معروف ہو اکثر وہ سب اسم مونث ہوتے ہیں خواہ وہ مذکر حقیقی ہوں یا غیر حقیقی جیسے گھوڑی۔ بکری۔ روٹی۔ ٹوپی۔ حویلی۔ کرسی۔ چلپچی وغیرہ مگر پانی وغیرہ جو مستثنٰے ہیں وہ تیسرے باب میں بیان ہوئے ہیں۔

قاعدہ تیسرا۔ جو مصدر عربی کا تفعیل کے وزن پر ہو وہ بھی مونث ہوگا وزن صرفی کے روسے جیسے تحریر۔ تقریر۔ توضیح۔ تفسیر۔ تفصیل۔ تکمیل وغیرہ۔ مگر تعویذ۔ تمکین اور وزن عروضی کے روسے جو لفظ تفعیل کے وزن پر ہو وہ بھی اکثر مونث ہوتا ہے جیسے زنجیر۔ شمشیر۔ مگر آئین۔ قالین۔ نخچیر وغیرہ اور ان کی تفصیل تیسرے باب میں ہے۔

قاعدہ چوتھا۔ جس اسم کے آخر تائے مصدر عربی یا (ٹ) حاصل مصدر ہندی کی آئے وہ بھی مونث ہوگا جیسے موافقت۔ مسرت۔ شدت۔ کثرت۔ خلقت۔ سجاوٹ۔ بناوٹ۔ گھبراہٹ وغیرہ مگر شربت

مذکر ہے اور اس کا ذکر تیسرے باب میں بیان ہوا ہے۔

قاعدہ پانچواں۔ حاصل مصدر فارسی کا جس کے آخر (ش) ماقبل مکسور ہو وہ بھی مونث ہو گا جیسے بخشش۔ خواہش۔ کوشش۔ آسائش۔ آزمائش وغیرہ اسی طرح اور حاصل مصدر فارسی کی بھی اکثر مونث بولے جاتے ہیں نوشت خواند۔ آمدرفت نشست برخاست۔ گفتگو۔ جستجو۔ گفتار۔ رفتار۔ آسودگی۔ افسردگی وغیرہ۔

فائدہ کبھی فارسی میں اسم جنس جاندار کے آخر مذکر کی تمیز کے لئے لفظ نر اور مونث کی شناخت کے واسطے لفظ مادہ زیادہ کر دیتے ہیں جیسے شیر نر۔ شیر مادہ۔ گاو نر۔ گاو مادہ۔

قاعدہ چھٹا۔ الفاظ ہندی میں حروف مندرجہ ذیل بھی علامتیں مونث کی ہیں:۔

ن	جیسے	دُلھن	کنجڑن
ین	"	پنڈتاین	کبتاین
نی	"	لُہارنی	سنارنی
انی	"	کھترانی	مہترانی
ا	"	نایکا	

قاعدہ ساتواں۔ جس اسم واحد مذکر حقیقی متبدلہ کے آخر (ا) ہو حالت تانیث میں اکثر اس الف کو یائے معروف یا (یا)

سے بدل لیتے ہیں جیسے لڑکا۔ لڑکی۔ بوڑھا۔ بوڑھیا۔ چڑا۔ چڑیا۔
اور کبھی نون کے ساتھ جیسے کنجڑا۔ کنجڑن اور جس اسم مذکر جاندار
کے آخر (ہ) یا یای معروف ہو حالت تانیث میں اس (ہ) یا
(ی) کو (ن) کے ساتھ تبدیل کرتے ہیں جیسے دولہہ۔ دُلہن۔
تیلی تیلن۔ تمولی تمولن۔ دھوبی دھوبن۔

قاعدہ آٹھواں۔ اکثر اسم جنس جو ظاہرا تذکیر و تانیث میں
مشترک ہیں اُن کی تمیز کے لئے یائے معروف بڑھا کر مونث بولتے ہیں
جیسے ہرن ہرنی + مرغ مرغی + کبوتر کبوتری + تیتر تیتری۔

فائدہ۔ اسم مشترک اوس اسم جنس کو کہتے ہیں جو نر اور مادہ کے
لئے یکساں بولا جاتا ہے جیسے کوا مذکر ہے جس کو نر اور مادہ دونو
کے لئے یکساں بولتے ہیں یہی استعمال لفظ چیل کا ہے اگرچہ خود مونث ہے

قاعدہ نواں۔ حروف تہجّی میں سے اکیس ۲۱ حروف مونث ہیں
باقی مذکر اور اسکی تفصیل خاتمہ میں ہوگی

فائدہ بعض اسم تانیث تذکیر میں مشترک ہیں مگر اُن کو مونث بولنا
فصیح ہے جیسے بلبل فکر جان۔

فائدہ جس اسم کے تذکیر اور تانیث میں ابہام اور شک ہو اسکو
مذکر بولنا بہتر ہے۔

فائدہ بعض اسموں کی تانیث خلاف قیاس آتی ہے جیسے راے
اور راجہ کی تانیث رانی + ماموں کی ممانی + بھائی کی بھابی + خان کی

خانم + بیگ کی بیگم۔

توضیح تیسری۔ اسم کے وحدت و جمعیت کے بیان میں

بہ اعتبار تعداد کے اسم کے دو صیغے ہیں ایک واحد اور دوسرا جمع۔ صیغہ واحد اس کو کہتے ہیں جو ایک فرد کی ذات پر دلالت کرے جیسے مرد عورت کتاب پیالہ وغیرہ اور صیغہ جمع وہ ہے جو ایک سے زیادہ افراد پر دلالت کرے مثلاً مردوں نے کتابوں کو عورتوں کے سامنے رکھا۔

قاعدہ پہلا۔ جن مذکر اسموں کے آخر میں الف یا (ہ) زیادہ نہ ہو اور جو ہو بھی تو حروف معنوی کے آنے سے تبدیل نہ ہوتی ہو جب تک اُن کے آخر حروف معنوی مذکورہ مقدمہ اس رسالے کے نہ آئیں تب تک ان کی جمع لفظاً نہیں کرتے ہیں اُن کی جمعیت اُنکی فعلوں کی جمعیت سے معلوم ہوتی ہے جیسے مرد آئے۔ برتن خریدے قالین زرید فروخت ہوئے مگر جن اسموں میں مذکر کے آخر الف یا (ہ) آئے اور حروف معنوی کے آنے سے اُن میں اُن میں تبدیلی ہوتی ہو حالت جمعیت میں اُس الف یا (ہ) کو یائے مجہول کے ساتھ تبدیل کرتے ہیں جیسے گھوڑے آئے اور لڑکے بیٹھے اور شربت کے پیالے پیئے۔

قاعدہ دوسرا جس اسم واحد مونث کے آخر یاے معروف نہ ہو اس کی جمع کے لئے آخر میں لفظ ین زیادہ کرتے ہیں بشرطیکہ حروف معنوی ان کے بعد مذکور نہ ہوں جیسے عورتیں آئیں۔ کتابیں خریدیں +

فائدہ جس مونث کے آخر یاے معروف ہو اُس کی جمع کے واسطے لفظ (ان) بڑھاتے ہیں بشرطیکہ حروف معنوی اُن کے بعد مذکور نہ ہوں جیسے لڑکیاں آئیں۔ بکریاں خریدیں۔

قاعدہ تیسرا۔ حالت ندا میں اسم کے آخر واو مجہول زیادہ کرنے سے جمع مفہوم ہوتی ہے جیسے اے مردو۔ اے عورتو۔ اے لڑکو۔ اے لڑکیو۔

قاعدہ چوتھا۔ جب کسی اسم کے آخر کوئی حرف حروف معنوی سے آئے تب اُن کی جمع واو نون سے کی جاتی ہے خواہ وہ اسم مذکر ہوں یا مؤنث سالم ہوں یا غیر سالم جیسے مردوں نے لڑکوں کو دعا دی لڑکیوں سے کتابوں میں +

قاعدہ پانچواں۔ حروف اضافت اور تشبیہ حالت تذکیر اور تانیث اور وحدت اور جمعیت میں اپنے مضاف اور مشبہ بہ کے موافق ہوتے ہیں جیسے موہن کا قلمدان۔ اور بدھو کی کتاب۔ موہن کی گھوڑی۔ بدھو کی کتابیں۔ شہر میں زید سا عاقل کوئی شخص نہیں ہے اور بنو سے بیوقوف کوئی عورت نہیں ہے۔

قاعدہ چھٹا۔ اُن اسمائے صفات کی تذکیر تانیث وحدت جمعیت موافق موصوف کے ہوتی ہے جن کے آخر الف یا (ہ) ہو اور وہ حروف معنوی کے آنے سے تبدیل بھی ہوتے ہوں جیسے اچھا لڑکا - اچھی لڑکی - اچھی لڑکیاں - بیچارہ مرد - بیچاری عورت - بیچارے مرد بیچاری عورتیں -

قاعدہ ساتواں۔ اکثر اسمائے عدد یا اسمائے ظروف کے آخر (وں) علامت جمع زیادہ کرنے سے فائدہ حصر یا کثرت کا ہوتا ہے جیسے تینوں بھائی آئے زید اپنے پچیسوں ۲۵ روپے لے گیا اِن سے حصر سمجھا جاتا ہے اور برسوں گذر گئے سینکڑوں یا ہزاروں مر گئے - یہ دونو مثالیں کثرت پر دلالت کرتی ہیں +

نقشہ جمع اسماء مذکر و مونث جن کے آخر حروف معنوی نہیں ہیں

نام اسم	واحد	جمع	واحد	جمع	واحد	جمع	واحد	جمع
اسم مذکر غیر مبتدلہ	مرد آیا	مرد آئے	ساقی بیٹھا	ساقی بیٹھے				
اسم مونث	عورت	عورتیں	لڑکی	لڑکیاں	دعا	دعائیں		
اسم مذکر مبتدلہ	لڑکا	لڑکے	بندہ	بندے	اچھا	اچھے	لکھنے والا	لکھنے والے

نقشہ جمع اسماء مذکر و مونث جن کے آخر حروف معنوی ہیں

نام اسم	مثال	نے	کو	کا	سے	میں	پاس	اے
مذکر	مرد	مردوں نے	مردوں کو	مردوں کا	مردوں سے	مردوں میں	مردوں پاس	اے مردو
مونث	لڑکی	لڑکیوں نے	لڑکیوں کو	لڑکیوں کا	لڑکیوں سے	لڑکیوں میں	لڑکیوں پاس	اے لڑکیو
مونث	دعا	دعاؤں نے	دعاؤں کو	دعاؤں کا	دعاؤں سے	دعاؤں میں	دعاؤں پاس	اے دعاؤ
مذکر	لڑکا	لڑکوں نے	لڑکوں کو	لڑکوں کا	لڑکوں سے	لڑکوں میں	لڑکوں پاس	اے لڑکو
مذکر	بندہ	بندوں نے	بندوں کو	بندوں کا	بندوں سے	بندوں میں	بندوں پاس	اے بندو
صفت	اچھا	اچھوں نے	اچھوں کو	اچھوں کا	اچھوں سے	اچھوں میں	اچھوں پاس	اے اچھو
اسم فاعل	لکھنے والا	لکھنے والوں نے	لکھنے والوں کو	لکھنے والوں کا	لکھنے والوں سے	لکھنے والوں میں	لکھنے والوں پاس	اے لکھنے والو

اردو میں فارسی کی جمع بھی مستعمل ہے اور اس کا یہ قاعدہ ہے کہ جاندار اسم کی جمع آن سے کرتے ہیں جیسے مردان پسران بندگان وغیرہ

اور بیجان کو ہا کے ساتھ جمع کرتے ہیں جیسے سالہا یارہا وغیرہ اور کبھی اس کے برعکس بھی جمع کرتے ہیں جیسے سخنان و مردمہا اور چونکہ اس زبان میں جمع عربی بھی مستعمل ہے اس واسطے نقشہ اوزان جمع اسماء عربی کا بھی لکھا جاتا ہے۔ طالب علموں کو لازم ہے کہ ان وزنوں کو حفظ کرلیں اکثر اسماء عربی کی جمع انہیں وزنوں پر آتی ہیں۔

نقشہ اوزان جمع اسماء عربی مستعملہ اردو

واحد	جمع	وزن جمع	معنی مفرد	واحد	جمع	وزن جمع	معنی مفرد
شریف	اشراف و شرفا	افعال	اچھا آدمی	ذکر	ذکور	فعول	مرد
لطف	الطاف	〃	مہربانی	ظرف	ظروف	〃	برتن
جلف	اجلاف	〃	کمینہ	کریم	کرام	فِعال	بزرگ
باب	ابواب	〃	دروازہ	حاکم	حکام	فُعّال	فیصلہ کرنیوالا
یوم	ایام	〃	دن	خادم	خدّام	〃	نوکر
شئے	اشیاء	〃	چیز	سلطان	سلاطین	فعالین	پادشاہ
عدو	اعداء	〃	دشمن	شیطان	شیاطین	〃	شیطان
عضو	اعضا	〃	جوڑ	کوکب	کواکب	فعالل	ستارہ
اکبر	اکابر	افاعل	بڑا	قرطاس	قراطیس	فعالیل	کاغذ
احسن	احاسن	〃	اچھا	قندیل	قنادیل	〃	قندیل

نقشہ اوزان جمع اسماء عربی مستعملہ اُردو

واحد	جمع	وزن جمع	معنی مفرد	واحد	جمع	وزن جمع	معنی مفرد
افضل	افاضل	افاعل	بزرگ	طالب	طلبہ طلبا	فعلہ	ڈھونڈھنے والا
رکن	ارکان ارا کین	افاعیل	کھم	مدرسہ	مدارس	مفاعل	پڑھنے کی جگہ
حدیث	احادیث	〃	بات	مجلس	مجالس	〃	بیٹھنے کی جگہ
اقلیم	اقالیم	〃	ملک	مسجد	مساجد	〃	نماز کی جگہ
نبی	انبیاء	افعلاء	پیغمبر	مضمون	مضامین	مفاعیل	مطلب
حبیب	احباء	〃	دوست	مقدار	مقادیر	〃	اندازہ
طبیب	اطبّاء	〃	حکیم	مفتاح	مفاتیح	〃	کنجی
قریب	اقرباء	〃	عزیز	تصنیف	تصانیف	تفاعیل	کتاب بنانا
زمان	ازمنہ	افعلہ	زمانہ	تصویر	تصاویر	〃	تصویر
مکان	امکنہ	〃	مکان	تاریخ	تواریخ	〃	دن
رسول	رُسُل	فُعُل	پیغامبر				
طریق	طُرُق	〃	راہ				
رسالہ	رسائل	فعائل	چھوٹی کتاب				
خصلت	خصائل	〃	عادت				
ضمیر	ضمائر	〃	دل				

فائدہ - اکثر اسمائے عربی کے آخر یائے معروف اور (ن) یا (ات) زیادہ کرکے جمع بنا لیتے ہیں جیسے حاضرین ناظرین متعین کاغذات معاملات مقدمات وغیرہ اور تاجر کی جمع تجار آئی ہے بعض اوقات اُردو والے ان اوزان مذکورۂ بالا پر بھی علامت جمع ہندی بڑھا لیتے ہیں جیسے انبیاؤں سے حکاموں سے اغیار و سے پس ایسی جمع کو جمع الجمع کہتے ہیں مگر اُردو کے فصحا اسکو کبھی نہیں بولتے ہیں اور نہ باندھتے ہیں اس سے احتراز لازم ہے مگر اخبار کو جمہور اساتذہ اس کو باوجود جمع ہونے کے مفرد باندھتے ہیں ہر چند بعض مذکر اور بعض مونث سمجھتے ہیں مگر مفرد ہونے میں شک نہیں اور اس کی جمع مونث کے روسے بطریق تانیث اور مذکر کے روسے بطریق تذکیر ہوگی جیسے اخباریں سنیں اور اخبار دیکھے بیائے مجہول **فائدہ** اکثر الفاظ عربی کے مفرد مونث بولے جاتے ہیں جیسے دلیل صلاح قسم نوع وضع ان کی جمع اگر ہندی کے طریق سے کرینگے تو وہی مونث کی مونث ہی رہینگی اور اگر بطور عربی کے کرینگے جیسے دلائل مصالح اقسام انواع اوضاع ایسی حالت میں تذکیر بولیں گے جیسے تمہارے دلائل اچھے نہیں بیائے مجہول

فائدہ اکثر الفاظ مذکر جمع کے وقت مونث بولے جاتے ہیں بطریق ہندی جیسے لفظ طوطی مذکر ہے جمع اس کے لفظیں طوطیان آئی ہے

بیان وحدت اور جمعیت اور تذکیر اور تانیث افعال کا

فائدہ جن فعلوں کے ساتھ فاعل کی علامت نہیں ہوتی وہ تذکیر اور تانیث اور وحدت اور جمعیت میں فاعل کے موافق بولے جاتی ہیں خواہ وہ لازمی ہوں یا متعدی خواہ ان کے مفعولوں کے ساتھ علامت مفعول ہو یا نہو جیسے موہن آیا - بنّو آئی - موہن لکھتا ہے - بنّو لکھتی ہے - موہن خط لکھتا تھا - بنّو خط لکھتی تھی - لڑکی آئی - لڑکیاں آئیں - لڑکی کتابیں پڑھتی ہے - لڑکیاں کتابیں پڑھتی ہیں - جن فعلوں کے فاعلوں کے ساتھ علامت فاعل تو ہو مگر علامت مفعول بہ مطلقًا نہ ہو تو ان فعلوں کی تذکیر اور تانیث اور وحدت اور جمعیت مفعول کے موافق ہوتی ہے جیسے موہن نے یا بنّو نے سبق پڑھا موہن نے کتاب پڑھی - بنّو نے کتاب پڑھی - موہن نے کتابیں پڑھیں بنّو نے کتابیں پڑھیں - جن فعلوں کی فاعل اور مفعول دونو کی علامتیں مذکور ہوں وہ فعل ہر حال میں واحد مذکر بولے جاتے ہیں - خواہ فاعل اور مفعول مذکر ہوں یا مونث واحد ہوں یا جمع جیسے موہن نے کتاب کو پڑھا - بنّو نے کتاب کو پڑھا - لڑکوں نے اپنی کتابوں کو یاد کر لیا - لڑکیوں نے اپنی کتابوں کو پڑھ لیا -

باب دوسرا اختلاف اور شرکت کے بیان میں اس میں دو تشریحیں ہیں

تشریح پہلی الفاظ مختلف فیہ کے بیان میں

جو اگلوں اور حالیوں اور دلی والوں اور لکھنؤ والوں میں مختلف فیہ ہیں اور بولے جاتے ہیں

وہ الفاظ جن کو اگلے مذکر بولتے تھے اور حال میں مونث سے ہیں

تذکل	خراش	لوح	فانوس	تسبیل	فرد	حق حق	التماس

وہ الفاظ جن کو اگلے مونث بولتے تھے اور حال میں مذکر ہیں

قدغن	قلمتراش	ثانی	مخمل	مسطر	مثیل	ناموس	نرخ
نیشتر	ہجوم	التفات	ازدحام	اطلس	ایما	بار	پیکر
ڈاک	وہم	گلگشت					

وہ لغات جو اگلوں میں مشترک ہیں مگر حال میں مونث ہیں

بلا	جان	حد	سپر	اصل	برسات	گھمسان	بھڑ
بھاپ	وعظ	پال					

وہ لغات جو اگلوں میں مشترک ہیں مگر حال میں مذکر ہیں

خواب	قبلہ نما	مزار	قتل عام	مرقد			

اختلافات دہلی و لکھنؤ

وہ الفاظ جو دہلی میں مذکر ہیں اور لکھنؤ میں مونث

تفاوت	چہل پہل	دشنام	سانس	شکن	کلک	گوسے	گھڑیال

وہ الفاظ جو دہلی میں مشترک ہیں اور لکھنؤ میں مونث

فکر

اظ جو دہلی میں مشترک ہیں اور لکھنؤ میں مذکر — خلعت

ت جن میں دہلی اور لکھنؤ والے دونوں اختلاف رکھتے ہیں — اُف

ہ لغات جن میں لکھنؤ والے اختلاف رکھتے ہیں

ہ لغات جن کو بہت لکھنؤ والے مونث باندھتے ہیں اور شاذ مذکر

ر	توجہ	جنت	چال	خلش	دکان	رجوع	شفق
.	فغان	کفِ پا	معرفت	نقل	اغنا	افشان	

وہ لغات جن کو بہت لکھنؤ والے مذکر باندھتے ہیں مونث شاذ

ج.	پند	بہشت	جراحت	خم	تشک	غلاف	کبک
ع	. لفظ	پوشش					

تشریح دوسری الفاظ مشترک کے بیان میں

وہ الفاظ جو دہلی و لکھنؤ دونوں میں مشترک ہیں

ل	بیہڑ	پیکان	جھد	حمد	خس	رجمٹ	رسم
نار	سجہ	طرز	طلاق	قامت	کاکل	گرند	مُد
راج	منقبت	نشوونما	نقاب	نیشکر	ہتھ پھیر	ہنکول	مضرات
ٹھیا	الوداع	سینہ					

ضح ہو کہ ان لفظوں کی تحقیقات اور جمع کرنے میں جسقدر محنت اور
لکاہی مجھے ہوئی میں جانتا ہوں گو مجھے مشقت ہوئی مگر دیکھنے والوں
ر تتبع کرنے والوں کو آسانی ہوئی کس لئے کہ ایسے الفاظ لوگونکو

بہت کم معلوم تھے اور اگر معلوم تھے تو یہ نہیں کہہ سکتے تھے کہ کس نے مذکر باندھا اور کس نے مونث اور کون کون لفظ مشترک باندھتے ہیں۔ اب معلوم ہوگا بلکہ جب تک فیض صفیر کو ملاحظہ نہ کرینگے یہ نہ کھلیگا کہ کس نے کس لفظ کو مذکر یا مونث یا مشترک باندھا ہے غرض فیض صفیر عجیب مجموعہ نادر ہے اُردو میں سابق و حال اور دہلی اور لکھنؤ اور ناسخ اور آتش میں بڑا اختلاف ہے ہر چند محنت کرکے اس فصل کے جدول میں اُن کا فرق نکالا گیا ہے مگر فیض صفیر میں اُن کے اشعار بھی لکھے ہیں پس تتبع کرنے والونکو جس کی تقلید اور جہان کی پیروی منظور ہو اُسکے عامل ہوں اور جو لوگ سب کو اُستاد یکساں سمجھتے ہیں اُن کے لئے اذن عام ہے کہ اُن الفاظ کو مذکر مونث دونوں بولیں مگر بندہ نے الفاظ مختلف فیہ مذکر اور مونث اور مشترک جو جدول ذیل میں مندرج ہیں اختیار کئے ہیں اگر لوگ اسی کو قول فیصل سمجھیں جب بھی ہو سکتا ہے

وہ لغات مختلف فیہ اور مشترک جن کو مولف نے اختیار کیا ہے

مذکر

ابرو	ازدحام	اطلس	انبوہ	ایما	بہشت	پیکر	پیکان	
تفاوت	توجہ	جہد	خراش	خم	خس	خواب	خلعت	
دم	زار	شک	غلاف	قبلہ نما	قتل عام	قدغن	قلمتراش	
کلک	کبک	گزند	گومی	گھڑیال	گلگشت	مزار	مرقد	
مزرع	مخمل	بط	فیل	ناموس	نرخ	نشتر	ناخن گیر	نجوم

مونث							
اصل	بھڑ	افشاں					
مشترک							
التفات	اف	بلبل	بہڑ	ٹکل	جراحت	حمد	صد
رجوع	رسم	زنار	سبحہ	طرز	طلاق	غور	فغان
قامت	کف پا	مد	معراج	منقبت	نشو و نما	نقاب	مضراب

تیسرا باب - الفاظ مستثنےٰ کے ذکر میں دو تصریح پر

تصریح پہلی اوس مستثنےٰ لفظ کے بیان میں جو قاعدہ کے مطابق ہیں مگر قاعدہ کے خلاف سمجھے جاتے ہیں اور اس کے سبب سے قیاسی کے زمرہ سے نکل کر سماعی میں آجاتے ہیں اور اسکی دو قسمیں ہیں

قسم پہلی اُن مستثنیات کے بیان میں جو وزن میں رہ کر قیاسی کی حد سے نکل گئے **فائدہ** باب تفعیل سے جو لفظ ہوگا وہ مونث ہے۔ مگر تعویذ۔ تمکین مذکر **فائدہ** باب مُفعل سے جو لفظ ہوگا وہ مونث ہے مگر محل مشرق مغرب مذکر **فائدہ** وزن مِفعال پر جتنے لفظ ہیں مذکر ہیں مگر میزان۔ محراب۔ مفتاح۔ مثقال۔ مقراض مونث اور مضراب مشترک سنا گیا ہے **فائدہ** باب اِفتعال سے جتنے لفظ ہیں سب مذکر ہیں مگر احتیاج۔ احتیاط مونث **فائدہ** باب استفعال سے جتنے لفظ ہیں سب مذکر ہیں مگر استمداد۔ استصلاح مونث ہے

فائدہ باب مفعل سے جو الفاظ ہیں سب مذکر ہیں مگر مشعل مونث ہے اور مقعد عَلَم ہو کر مونث ہے اور بمعنی جائے قعود مذکر ہوگا فائدہ باب اِفعال سے جتنے الفاظ ہیں سب مذکر ہیں مگر اصلاح۔ املا افراط مونث فائدہ باب تفعّل سے جتنے لفظ ہیں سب مذکر ہیں مگر توقع۔ ترشح فائدہ باب تفاعل سے جتنے لفظ ہیں سب مذکر ہیں مگر تواضع قسم دوسری اُن مستثنیات کے بیان میں جو قاعدہ کے مطابق ہو کر قیاسی کی قید سے نکل گئے فائدہ مصدر عربی سب مونث ہیں مگر شرب۔ خلعت مذکر فائدہ وہ الفاظ جن کے آخر میں الف اصلی ہو اور وہ حالت جمع میں بھی قائم رہتے ہوں۔ سب مذکر ہیں مگر یہ چند الفاظ مونث ہیں اور حالت جمع میں اُن کا الف بھی قائم رہتا ہے مگر جمع ان کی حسب بیان سابق مؤنث کی طرح لفظ (ئیں) لگانے سے ہوتی ہے جیسے (دعائیں)

دعا	سزا	قبا	قضا	کیمیا	دوا	غذا	بلا
جزا	رضا	صفا	جلا	وفا	جفا	وبا	آشنا
بُوا	دَیا	بلیّہ بتیا	خطا	حیا	بِپتا	ضیا	ثنا
فنا	صبا	ہوا	وغا	ولا	عطا	ایذا	شفا
سترا	چون وچرا	دغا	ادا	صدا	دنیا	تمنّا	عبا
رِیا	مُنیا	کہنیا	چڑیا	سیتلا	چھالیا	انگیا	آہ و بکا

جانگھیا	پپیچا	مانا	ٹکیا	ردا	شُھنا	حنا	رِٹھلیا
ابتدا	مبتدا	قُلبیا	اشتہا	ندا	عقبا	کفا	قرنا
انشا	ڈبیا	التجا	قضا	جا	بنا	بردا	گلھیا
گنبا	ماما	آپا	آیا	آنا	گڑھیّا	سبہا	گھٹا
گنگا	چمنا	لنکا	آسیا	اجودھیا	استغنا	بُڈھیا	استدعا
بڑھیا	ریا	رعایا	جٹا	اکتفا	جزا	سنکھیا	صہبا
کبریا	کربلا	ثوا	ہوا	واویلا	پنکھیا	چلا گوکلا	پھٹ لٹیا

ایسے الفاظ اسی قدر ہوں گے یا دو چار اور بھی ہونگے اس کے سوا سب مذکر ہیں مگر بعض لوگ دھوکا کھا کر الفاظ ذیل کو مونث بولتے ہیں حالانکہ یہ سب مذکر ہیں رستہ پھایا دریا تکیا بخیا پوجا **فائدہ** جس طرح اس لفظ کے آخر میں یاے اصلی ہوگی وہ سب مونث ہیں مگر چند الفاظ جو ذیل میں لکھے جاتے ہیں مذکر ہیں

ہاتھی	موتی	پانی	گھی	دہی	جی	ثانی	افعی
وادی	بخشی	مشتری	معنی				

یہ الفاظ بھی اسی قدر ہونگے مگر بعض لوگ اس میں بھی دھوکا کھاتے ہیں اور ان کو مونث بولتے ہیں

فائدہ حاصل مصدر فارسی کے خیال سے اکثر الفاظ جن کے آخر میں (ش) ہو اُسکو بھی مونث سمجھتے ہیں حالانکہ سواے حاصل مصدر کے اور الفاظ مونث مذکر دونوں ہیں جیسے کشمش

آتش۔ مونث عشق مذکر اور یہ سب سماعی ہیں داخل ہیں مگر بعض اس کو التباس جانتے ہیں **فائدہ** اسی طرح التباس کے روسے بقاعدہ وزن عروضی جو لفظ فارسی بھی تفصیل کے وزن پر ہوگا سب مونث ہے جیسے زنجیر شمشیر وغیرہ۔ مگر نخچیر۔ آئین۔ قالین مذکر ہیں **فائدہ** اسی طرح مصدر عربی کے خیال سے جس لفظ کے آخر میں تاے قرشت یا تاے ہندی بھی ہوتی ہے ہر زبان کے الفاظ کو مونث سمجھتے ہیں حالانکہ اس میں بھی مذکر مونث دونوں ہیں جیسے گیت۔ کھیت۔ چھپکھٹ مذکر ہیں اور چوکھٹ مونث اور یہ بھی داخل سماعی ہیں **فائدہ** جب اس کا ذکر آگیا تو مناسب معلوم ہوا کہ کچھ عوام کو آگاہ کرنا چاہیئے کہ بہت لوگ الفاظ مذکر کو مونث اور مونث کو مذکر بولتے ہیں اگرچہ یہ سب الفاظ جو اوپر ذکر کیئے گئے اور اب ذکر کیئے جاتے ہیں سب جدول الفاظ سماعی میں موجود ہیں مگر مبتدیوں کے لئے ایک جگہ اکٹھا کرنے سے بڑا فائدہ ہوگا (دیکھو گول نقشے دیباچہ کے بعد) اگرچہ فیض صفیر میں مع سند کے یہ سب الفاظ ایک فصل خاص میں ہیں مگر یہاں فقط الفاظ ضروری لکھے جاتے ہیں اور ایسے الفاظ جو اوپر لکھے گئے ہیں وہ بھی ملائے جاتے ہیں کہ ایک جگہ رہنے سے مفید ہونگے اور پھر یہ سب الفاظ مع معنی کے خاتمہ میں آئینگے کہ جدول سماعی کے ساتھ رہیں

تصریح دوسری اُن مستثنیات کے بیان میں

جو اسما مذکر کو مونث اور مونث کو مذکر کر دیتے ہیں اور وہ کئی حرف ہیں بعض لفظ کے پہلے لگائے جاتے ہیں بعض لفظ کے بعد

وہ حرف جو لفظ کے پہلے لگائے جاتے ہیں

حرف	لفظ	ترکیب	کیفیت
شہ	تیر	شہتیر	جس لفظ مذکر کے ماقبل لفظ شہ لگایا جائیگا مذکر ہوگا جیسے شہتیر شہتوت شہپر شہباز اور اس سے کلانی اور بزرگی پائی جاتی ہے۔ اور جس لفظ مونث پر لفظ شہ کا لگایا جائیگا وہ مونث رہیگا جیسے شہتا کہ نای مونث ہے۔
اہل	اللہ	اہل اللہ	جس لفظ مذکر یا مونث کے ماقبل لفظ اہل لگایا جائیگا مذکر ہوگا جیسے اہل اللہ اہل شہر اہل معاش اہل مجلس اور اس سے بزرگی اور ریاست اور جمعیت پائی جاتی ہے
ذی	وقار	ذی وقار	یہی حال اس کا بھی ہے جیسے ذی وقار ذی عزت ذی شان
صاحب	تاج	صاحب تاج	" جیسے صاحب تاج صاحب جاہ
میر	فرش	میر فرش	" جیسے میر فرش میر مجلس

وہ حرف یا لفظ جو لفظ مذکر یا مونث کے آخر میں لگائے جاتے ہیں

حرف	لفظ	ترکیب	کیفیت
گیر	گل	گلگیر	جس لفظ مذکر یا مونث کے آخر میں لفظ گیر لگیگا مذکر ہوگا جیسے گلگیر آتشگیر اس لفظ سے فاعل کی پہچان ہے
باف	مو	موباف	جس لفظ مذکر یا مونث کے آخر میں لفظ باف لگیگا مذکر ہوگا جیسے موباف اس لفظ سے فاعل کی پہچان ہے
پن	بانک	بانکپن	جس لفظ مذکر یا مونث کے آخر میں لفظ پن لگیگا مذکر ہوگا جیسے بانکپن بیساختہ پن اس لفظ سے وضع کی پہچان ہے
گر	زر	زرگر	جس لفظ مذکر یا مونث کے آخر میں لفظ گر لگیگا مذکر ہوگا جیسے زرگر آہنگر اس لفظ سے فاعل کی پہچان ہے
س	مٹھا	مٹھاس	جس لفظ مذکر یا مونث کے آخر حرف (س) لگے گا مونث ہوگا جیسے مٹھاس کھٹاس بکواس اس لفظ سے کیفیت کی پہچان ہے
ہند	سڑا	سڑاہند	جس لفظ مذکر یا مونث کے آخر ہند لگیگا مونث ہوگا جیسے سڑاہند کپڑاہند اس لفظ سے کیفیت اور بدبو کی پہچان ہے
یا	جانگ	جانگھیا	جس لفظ مذکر یا مونث کے آخر حرف (یا) لگیگا مونث ہوگا جیسے جانگھیا انگیا اس لفظ سے اسم مونث کی پہچان ہے
گاہ	جا	جائگاہ	جس لفظ مذکر یا مونث کے آخر میں لفظ گاہ لگیگا مونث ہوگا جیسے جائگاہ سجدہ گاہ اس لفظ سے جگہ کی پہچان ہے

دان	خاک	خاکدان	جس لفظ مذکر یا مونث کے آخر لفظ دان لگیگا مذکر ہوگا جیسے خاکدان خاصدان اس لفظ سے ظرف کی پہچان ہے
ستان	گل	گلستان	جس لفظ مذکر یا مونث کے آخر لفظ ستان لگیگا مذکر ہوگا جیسے گلستان پرستان اس لفظ سے ظرف کی پہچان ہے
کن	کوہ	کوہکن	جس لفظ مذکر یا مونث کے آخر لفظ کن لگیگا مذکر ہوگا جیسے کوہکن مُہرکن اس لفظ سے فاعل کی پہچان ہے
بان	باغ	باغبان	جس لفظ مذکر یا مونث کے آخر میں لفظ بان لگیگا مذکر ہوگا جیسے باغبان فیلبان اس لفظ سے صاحبیت کی پہچان ہے
بند	کمر	کمربند	جس لفظ مذکر یا مونث کے آگے لفظ بند لگیگا مذکر ہوگا جیسے کمربند ازاربند اس لفظ سے فاعل کی پہچان ہے
زار	گل	گلزار	جس لفظ مذکر یا مونث کے آخر میں لفظ زار لگیگا مذکر ہوگا جیسے گلزار زعفران زار اس لفظ سے ظرف کی پہچان ہے

اختلافات شاذ کے بیان میں

فائدہ علمیت کے رو سے ستان میں تانیث بھی پائی جاتی ہے جیسے گلستان بوستان کتاب کا نام ہے مونث **فائدہ** علمیت کے سوا شاذ کی طرح پرشبستان بھی مونث ہے۔ نسیم لکھنوی ؎ بولا وہ کہ دیکھے اک شبستاں شعلہ ہوا انجمن میں رقصاں۔ اگرچہ اس شعر میں کوئی ایسی ضمیر نہیں جس سے مونث ہونا معلوم ہو کس لئے کہ دیکھے کو دیکھا بھی کہہ سکتے ہیں مگر سماعت میں بھی

مونث آیا ہے **فائدہ** خارزار بھی بقول میر تقی کے مونث ہے ؎ جہاں اب خارزاریں ہوگئی ہیں + وہیں آگے بہاریں ہوگئی ہیں۔ مگر یہ شاذ ہے **فائدہ** عرصہ گاہ کو ذوق دہلوی نے مذکر باندھا ہے ؎ یہ حبابِ چندروزہ جو نہ سدِ راہ ہوتی + تو پھر ایک عرصہ گاہ عدم و وجود ہوتا۔ مگر یہ شاذ ہے اور فی الحقیقت یہ سب اسی طرح سے ہیں جیسے جدول میں لکھا گیا ہے سوای علمیت کے اور ایسے اختلاف شاذ ہیں

بیان علمیت کا

فائدہ علمیت وہ چیز ہے جو قاعدہ کو اُلٹ دیتی ہے یعنی اگر مونث کا نام ہے تو وہ لفظ بھی مونث بولا جائیگا اور اگر مذکر کا نام ہے تو مذکر ہوگا ہر چند قاعدہ کے روسے اس کے ساتھ کے سب لفظ مذکر یا مونث ہوں جیسے دوپہر کا بیان اور گلستان بوستان کا بیان اوپر ہوا **فائدہ** کتابوں میں علمیت کی روسے اکثر نام مونث ہوتے ہیں جیسے ابواب الجنان تلدمن حصن حصین یوسف زلیخا قواعد فارسی وغیرہ یہ سب مونث ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ان سب پر کتاب کا لفظ لگا ہوا ہے اور وہ مافی الذہن ہے یعنی کتاب ابواب الجنان حالانکہ ابواب جمع باب کی ہے اور باب مذکر ہے اسی طرح اور کتابوں کو بھی سمجھا جائے **فائدہ** اسی طرح ریل گاڑی ہے کہ اب لوگ ریل بولتے ہیں اور گاڑی کا لفظ ذہن میں رکھ کر مونث بولا کرتے ہیں یعنی ریل آئی حالانکہ ریل گاڑی آئی کہنا چاہیئے کس لئے کہ ریل وہ لوہا

ہے جس پر گاڑی چلتی ہے۔

التماس مولف سراپا قصور

اگرچہ اس فن کے قاعدہ نکالنے سے بہت نکلتے ہیں اور بندہ نے ایک کتاب خاص فقط قاعدوں کے باب میں لکھی ہے اور منبع فیض اسکا نام ہے اسی کے قاعدہ کچھ فیض صفیر میں ہیں اور کچھ اس رسالہ میں بیان ہوی ہیں مگر مبتدیونکو اسقدر کافی ہے انشاء اللہ تعالی جب وہ کتاب بھی چھپے گی تو اس بیان کی خوبی معلوم ہوگی اور بعض لوگ عربی خوان سمجھتے ہیں کہ جو لفظ زبان عربی میں مذکر یا مونث ہے وہ اردو میں بھی ہوگا اور اگر اس کے خلاف پاتے ہیں تو اسکو نہیں مانتے اُن کا خیال خام ہے زبان اردو کے فصحا نے جس لفظ کو چاہا مذکر کہا یا مونث زبان عربی کی اسمیں تقلید نہیں کی جیسے لفظ شمس ہے کہ عربی میں مونث ہے اور اردو میں مذکر بندھا ہے جب یہ سب معلوم ہو چکا اب خاتمہ میں الفاظ سماعی کا بیان ہے مگر چونکہ اس رسالہ کے ترتیب لفظ او رمعنی سے ہوئی ہے گویا ایک لغت کا فائدہ بھی اس رسالہ سے حاصل ہو گیا اور یہ وضع پسند آئی اسلئے مناسب معلوم ہوا کہ سب الفاظ قیاسی اور سماعی اسی جدول سماعی میں مندرج ہوں کہ قیاسی کے بیان میں وہ الفاظ بغیر معنی کے لکھے ہیں یہاں سب کے معنی لکھے جائیں کہ مبتدیوں کو تلاش اُن الفاظ کی اور معاموں میں پڑے ایک ہی جگہ دیکھ لیں اور معنی سمجھ لیں مگر قیاسی اور قاعدہ دار الفاظ کی پہچان کیواسطے حرف (ق) ایسے لفظ کے خانہ میں لکھا گیا ہے کہ معلوم ہو جائے کہ یہ لفظ قیاسی ہے اور جس میں (ق) نہ ہو وہ سماعی ہے۔ ناظرین سے اُمید ہے کہ اگر غلطی پائیں بشریت کے خیال سے چھپائیں

تانیث و تذکیر الفاظ سماعی

لفظ	معنے	لفظ	معنے	لفظ	معنے
الف ممدودہ مذکر		آب	پانی	آپس	خویشاوندی باہمی
		آتشک	باو	آخور	برا
آرام	چین	آرد	آٹا	آزار	بیماری
آسمان	چرخ	آستان	دہلیز	آسن	مشہور ہے
آسیب	بھوت	آشیان	گھونسلا	آشوب	غل۔ہنگامہ
آغاز	شروع	آغوش	گود	آفتاب	سورج
آفاق	جہان	آم	ایک پھل ہے	آنسو	آنکھ کا
آنچل	چادر کا گوشہ	آہن	لوہا	آہو	ہرن
آئین	قانون				
الف ممدودہ مونث		آب	آبداری	آبجو	نہر چمن کی
		آبرو	عزت	آب و تاب	چمک دمک
آتش	آگ	آرزو	خواہش۔ہوس	آڑ	روک
آستین	انگرکھے وغیرہ کی	آسیا ق	چکی	آس	امید
آش	ایک کھانا ہے	آگ	آتش	آگاہ ق	خبر
آمد	آمدنی	آمد و شد	آمد و رفت	آمد آمد	خبر آنے کی
آنکھ	مشہور عضو بدن	آنچ	آگ کی بڑی لو	آن	رکھاوٹ

لفظ	معنے	لفظ	معنے	لفظ	معنے
آن بان	کھچاوٹ وضعداری سے	آواز	صدا	آہ	مشہور ہے
آہ وبکا/ق	رونا چلانا				
الف مقصورہ مذکر		اُبال ق	جوش	ابر	بدلی
		ابرام	مضبوط کرنا	ابرک	مشہور چیز ہے
ابلق	دو رنگ کا جانور	ابیر	ہولی کا ایک رنگ	اپیل	ہار کر پھر مقدمہ دائر کرنا
اُتو	کپڑے پر نقش کرنا	اتوار	یکشنبہ	اثر	تاثیر ہونا
اُجاغ	چولھا	اُچھر	بدلا	اچھو	پانی کا سرکنا
اخبار	خبر کی جمع	اختر	تارا	اخگر	چنگاری
ادب	ہر چیز کا اندازہ نگاہ رکھنا	ادراک	دریافت	ادبار	بدچلنی بدمستی
اذن	حکم	اذعان	فرمانبرداری	ارغنون	ارگن باجہ
ارغوان	ایک پھول کا نام ہے	ارمان	آرزو ترکی ہے	ارنڈ	جسکو پورب میں ریڑ کہتے ہیں
اژدر	اژدھا	اساس	بنیاد اور نیو	اسباب	ساز سامان اور سبب اور وجہ
اسپ	گھوڑا	اسبغول	ایک دوا مشہور ہے	اسپک	بڑا خیمہ
اسپند	دوا مشہور ہے	استخوان	ہڈی	اصطبل	طویلہ
اسلام	دین محمدی	اسم	نام	اش اش	خوشی کی حالت
اشتلم	فخر	اشک	آنسو	افترا	بہتان
افسر	تاج اور سردار	افسوس	پچھتاوا	افسون	جادو
افعی	سانپ	اُگال	پان کا ثفل	اگر	ایک لکڑی خوشبودار ہے

لفظ	معنے	لفظ	معنے	لفظ	معنے
الم	دکھ رنج	الماس	ہیرا	الّو	ایک جانور مشہور ہے
امتیاز	تمیز کی جمع ہے	امر	حکم	املتاس	ایک دوا مشہور ہے
امن	چین اور تسلط	اناج	غلہ	انار	پھل مشہور ہے اور آتشبازی کی ایک قسم ہے
انامل	انگلیوں کی جمع ہے	انبار	ڈھیر	انتظار	راہ دیکھنا
انجام	آخر ہر چیز کا	انجن	دوا آنکھ میں لگانیکی	اِنچنا	کھنچنا
اندام	بدن	انداز	طریق اور طور	اُنس	ملاپ اور محبت
انعام	بخشش	انگبین	شہد	انگور	ایک میوہ مشہور ہے
اندھیر	ظلم زیادتی	اوج	بلندی	اوتار	بلندی سے پستی پر آنا
اوتر	شمال	اورنگ	تخت بادشاہ کا	اوسان	ہوش
اباغ	پیالہ	ایجاد	نئی بات یا نئی چیز کا نکالنا	ایفا	وفا کرنا وعدہ کا
الف مقصورہ مونث		استصلاح	صلاح پوچھنا	استمداد	مدد چاہنا
		امداد	مدد کرنا اور بخشنا	امتناع	منع کرنا
اصلاح	حجامت اور درست کرنا کسی چیز کو	اطلاع	آگاہی	احتیاج	حاجت ضرورت
احتیاط	حفاظت	ابابیل	ایک چڑیا ہے	ابتدا	شروع
ابجد	حروف تہجی	اجل	موت	اجوائن	ایک دوا مشہور ہے
اجودھیا	ہندوؤں کی پرستش کا ایک مقام ہے	اچکن	انگرکھے کی قسم سے ہے	اچھل کود	خوشی میں کودنا
ادا	ناز	ادرک	ایک چیز مصالحہ میں مشہور ہے	اذان	نماز کی پکار
ارض	زمین	ارہر	ایک قسم کی دال مشہور ہے	اڑواڑ	گرتی ہوئی چیز میں لکڑی لگانا

لفظ	معنے	لفظ	معنے	لفظ	معنے
ازار	پاجامہ	اسپتال	دارالشفاء انگریزی	استدعا	خواہش
استغنا	بے پرواہی	اصیل	لونڈی	اشتعالک	بتی ٹھیلنے کی لکڑی
افتاد	ناگہانی	افیم	مشہور ہے	افیون	مشہور ہے
اکرٹ	اینڈ	الٹوان	کبیر کی الٹوان	الخالق	ایک قسم کا لباس ہے
الوداع	رخصت کا کلمہ	انگیا	چھوٹا کپڑا عورت کا	انگلیٹ	بدن
اوپچ	نئی بات نکالنا	اوٹ	آڑ	اوجھل	آڑ
اوس	شبنم	اوقات	گذران	اوکت	نئی سوجھ
اولاد	بیٹا بیٹی	ایذا	تکلیف	ایڑ	گھوڑے کو ایڑی سے چھیڑنا کہ چلے
التماس	عرض				
ب مذکر		بادام	میوہ مشہور	بادبان	کشتی پر جو کپڑا لگاتے ہیں
		بادل	بدلی	بار	پھل۔ بوجھ۔ دخل
باب	دروازہ	بارعام	دربار بادشاہی	باران	برسات اور بارش
بازو	عضو مشہور	بازار	ہاٹ	باعث	سبب
باغ	پھلواری	بالش	تکیہ	بال	پر جانور کے
بال	جو بدن پر ہوتے ہیں	بام	کوٹھا	بان	ایک آتشبازی ہے
بانس	نیزہ مشہور	باندھنو	گلبندی کپڑے کی	بادر	ایک جانور ہے مثل چمگادڑ کے
ببول	کانٹا مشہور	بت	گھونسا۔ پتھر کی مورت	بچھو	جانور موذی مشہور
بحر	دریا	بخار	بھاپ اور تپ	بخت	نصیب


لفظ	معنی	لفظ	معنی	لفظ	معنی
بختی	اونٹ	بخل	بخیلی اور شوم پن	بدن	جسم
بدر	چاند چودھویں رات کا	برتن	لارکابی وغیرہ	برج	گنبد جو کونوں پر یا درمیان میں بناتے ہیں
بر	پھل	بر	گودی کنار	برس	سال
برشکال	برسات	برقع	نقاب	برگ	پتا
برناوپیر	جوان بوڑھا	برہمن	ایک قوم شریف ہندو کی ہے	بس	اختیار
بستار	تفتیش	بسرام	آرام	بستر	بچھونا
بشر	آدمی	بطن	پیٹ	بطون	پیٹ کی طرح اور دل کی بات
بعد	دوری	بق	مچھر	بکتر	لڑائی میں ایک قسم کا کپڑا پہنتے ہیں
بکس	انگریزی قلمدان صندوق	بگاڑ	لڑائی اور علیحدگی	بگھار	دال وغیرہ کا
بل	غرور اور خمیدگی	بل	سانپ چوہے کا سوراخ اور بشاشہر ملازمان کی مہرست	بلاق	ایک زیور ناک کا ہے
بنار	چوڑیوں کا	بند	مرثیہ وغیرہ کا	بند	پیچ کشتی کا
بندر	جانور معروف	بناؤ	آراستگی	بندھن	بندش چیز کی
بوم	الو	بول	کلام	بوجھ بھار	بار
بوغبند	گٹھری یہ زبان بنگالہ کی ہے	بوریا	چٹائی	بہار	فصل کا نام ہے
بھاؤ	قیمت	بھجن	وہ گیت جو پوجا میں گاتے ہیں	بہتان	تہمت
بھنور	گرداب پانی کا	بھونچال	زلزلہ	بھور	صبح
بھس	بھوسا	بھیس	وضع	بھید	راز
بیابان	جنگل	بیان	شرح کرنا	بیج	تخم

لفظ	معنی	لفظ	معنی	لفظ	معنی
بیار	ہندوؤں کی کتاب	بیاج	سود	بَیر	دُشمنی
بیستون	فرہاد کا پہاڑ	بیض	ضاکرنیکی قسم میں سے	بَیل	جانور مشہور
بیل	پھل کا نام ہے	بیلن	جس سے روٹی بڑھاتے ہیں	بینگن	ایک قسم کی ترکاری ہے
بیوہار	لین دین	بیوپار	خرید فروخت	بھٹ کٹیا	ایک بوٹی کا نام ہے
بھا	قیمت				
ب مونث		ب	ایک حرف کا نام ہے	باچھ	منہ کا کنارا دونو طرف کا
		باد	ہوا	بادیان	سونف
بارتنگ	ایک دوا ہے	بارود	بندوق کی مشہور	باڑہ	دھار
باگ	گھوڑے کی	باچھڑ	دوا خوشبو	بالو	ریت
باکھ	مونڈھے سے ہاتھ تک	بانگ	آواز مرغ کی	باد	آتشک
باہ	شہوت	بتخ	بط	بحث	حجت
بحر	کشتی	بد	ان کی جڑ میں پھوڑا ہوتا ہے	بدھیا	بیل
برامد	برخاست کرانا کسی کو اپنے کام سے	براورد	تخمینہ کرنا	برداشت	گوارا ہونا
برس گانٹھ	سالگرہ	برف	یخ مشہور	برق	بجلی
بڑ	بک بک دیوانہ یا نشہ خوار کی	بڑھیا	بوڑھی عورت اور بدار کے درخت جو نکل کر اڑتا ہے	بزم	مجلس خوشی کی
بڑن	فوج انگریزی کا ایک غول	بساط	فرش اور شطرنج کی بساط اور بنیاد اور حقیقت	بسم اللہ	کتاب کے شروع میں اور ایک رسم مشہور
بسملہ	بسم اللہ کہے	بسنت	ایک فصل ہے	بط	بطخ
بغل	عضو مشہور	بقا	زندگی	بک بک	بہت بولنا

نقشہ


نمبر ۱

یہ الفاظ سب مونث ہیں ۔۔۔ بولتے ہیں



نمبر ۲

یہ الفاظ مذکر ہیں ان کو عوام مونث بولتے ہیں



لفظ	معنی	لفظ	معنی	لفظ	معنی
پچھم	پورب کے مقابل	پر	جانور کا	پرتو	سایہ عکس
پرچم	نشان کا	پرچھاوں	پرچھائیں	پرشاد	کھانا ہنود کا
پرکار	آلہ مشہور جس سے دائرہ کھینچتے ہیں	پرند	جانور	پرند	ریشمی کپڑا
پرہیز	روکنا کسی بات سے	پڑوس	ہمسایہ	پستول	طمنچہ کی ایک قسم ہے
پس و پیش	آگا پیچھا	پشاور	ایک ملک کا نام ہے	پکھیرو	جانور پردار
پلاؤ	کھانا مشہور	پل	ساعت	پلنگ	سریر
پندار	غرور اور سمجھ	پنڈک	ایک جانور مشہور	پنیر	دودھ کا ایک کھانا مشہور ہے
پورب	پچھم کا مقابل	پوست	کھال اور افیون کا درخت	پہاڑ	کوہ
پہر	دن رات کے چار حصوں سے ایک حصہ	پھل	درخت کا اور تلوار کا	پہلو	کروٹ اور بغل کے نیچے
پھن	سانپ کا	پھول	مشہور گل ڈھال کا	پھونس	چھپر کا
پہیا	گاڑی کا	پھین	ابال میں جو نکلتا ہے	پیار	چاہنا اور محبت سے ملنا
پیپل	درخت مشہور	پیتل	فلز کی قسم سے ہے	پیٹ	عضو مشہور
پیچ و تاب	پریشان ہو کر غصہ سے کچھ سوچنا	پیرہن	ایک لباس کا نام ہے	پیڑ	درخت
پیشاب	موت	پیغام	سندیسا	پیک	خط لے جانے والا
پیگو	ایک شہر ہے	پیمان	عہد اور وعدہ	پینگ	جھولے کا جھونکا
پیوند	جوڑ				

پ مونث

لفظ	معنی	لفظ	معنی
پ	حرف مشہور ب کے بعد	پاپوش	جوتا
پازیب	ایک زیور ہے جو پاؤں میں پہنتے ہیں	پاکھر	گھوڑے کا

لفظ	معنی	لفظ	معنی	لفظ	معنی
پال	چھوٹا خیمہ	پیچ	آن	پخت و پز	پکا ہونا بات کا
پرچک	آمادہ کرنا	پرچھائیں	سایہ کسی چیز کا	پرستار	لونڈی نوکر
پروا	خواہش	پرواز	اُڑنا	پری	جن کی قوم کی عورت
پریٹ	فوج کے قطار باندھنے کی جگہ	پستان	چھاتی	پسند	ایک چیز کو منتخب کر لینا
پشم	اون اور بال جانور کا	پشواز	ایک لباس ہے جامہ کی طرح پر جسکو کسبیاں ناچتی پہنتی ہیں	پکڑ	گرفت
پکار	چلانا بلانے کیوقت	پکھاوج	ڈھول کی ایک قسم ہے	پلٹن	فوج انگریزی
پلک	آنکھ کی	پناہ	امان	پینس	پالکی - ناک کا ایک عارضہ
پور	اُنگلی کی اور گنے کی	پو	جو سرخی اور صبح کے نمود ہونیکی ہیئت	پوستین	ایک قسم کا لباس ہے ولایتی -
پوشاک	لباس	پون	ہوا یہ لفظ متروک ہے	پونچھ	دُم اور دریافت
پھانس	گڑنا لکڑی کے ریشے کا عضو میں	پھانک	قاش	پھبن	اچھا معلوم ہونا کسی چیز کا
پھکڑ	گالی گفتہ	پھنکار	دم کشی سانپ کی	پھُنّو	لڑکوں کی نونی
پھوہار	پانی کی مہین مہین بوندیں	پھوٹ	ایک قسم کا میوہ ہے اور علیحدگی ہو دو شخص میں	پھونک	سیدھا چاک پڑنا کپڑے میں
پہچان	شناخت	پیاز	مصالحہ میں ایک چیز ہے	پیاس	پانی کی خواہش
پیپ	زخم کی آلائش سفید	پیٹھ	پشت	پپیہا	ایک بلا کا نام ہے جو مُردوں کو نکال کر کھاتی ہے
پیڑ	درد	پیزار	جوتی	پیش قبض	چھری کی قسم ہے
پیک	پان کا رنگ پتلا جو منہ سے نکلتا ہے	پینک	اونگھ افیمی کی		
ت مذکر		تابوت	صندوق مُردے کا	تاج	ٹوپی بادشاہوں کی
		تار	دھاگے کا ایک حصہ	تار برقی	وہ تار جس پر خبر جاتی ہے

لفظ	معنی	لفظ	معنی	لفظ	معنی
تاک	خوشہ انگور کا	تالاب	بڑا حوض	تالو	زبان کے اوپر کا مقام
تامجان	جسکو ہوادار کہتے ہیں ایک سواری ہے	تاوڑ	بیچ کھانا اور کاغذ کا تختہ	تاوان	ڈانڑ
تبر	ایک ہتھیار ہے لائق	تپاک	آؤبھگت اور گرمجوشی	تتق	سرا پردہ
تخت	چوکی	تخم	بیج	تدارک	سزا اور تنبیہ
ترک	چھوڑنا کسی چیز کا	ترکش	تیر رکھنے کا گھر	ترک	ایک قوم ہے
تروپ	لشکر انگریزی	تربوز	ایک پھل مشہور ہے	ترم	وہ بانسلی ہے جو خبر دینے کو بجاتے ہیں
تشدت	پریشانی	تعب	رنج	تعویذ	نقش عامل کا
تکیہ	جسکو سر کے نیچے رکھکر سوتے ہیں	تل	جسکو خال کہتے ہیں اور ایک قسم غلہ کی ہے جس سے تیل نکلتا ہے	تلچھٹ	جو چیز پانی کے نیچے بیٹھ جاتی ہے
تمسک	دستاویز	تمکین	قدر و منزلت	تمن	فوج کا حصہ ہے
تنبو	خیمہ	تنبول	پان	تن	بدن
تنگ	گھوڑے کا	تنور	جس میں روٹی پکتی ہے	توڑ	بندوق کا پانی کا
توسن	گھوڑا	تولد	پیدائش	تھان	گھوڑیکا اور کپڑے کا
تھپڑ	طپانچہ	تھوک	جو منہ سے نکلتا ہے	تھن	گائے اور بکری کی پستان
تیر	ہتھیار مشہور ہے	تیور	آنکھ کا بدلنا	تیل	روغن
تیس	ایک جانور کا نام ہے	تپش	غصہ اور جلال	تیتر	ایک جانور مشہور
ت مونث		تاب	چمک طاقت جان	تاک	دیکھنا کسی چیز کو
		تان	گانے میں زور سے آواز نکلنا بہت دیر تک	تانت	رودہ کو بٹ کر بناتے ہیں
